فیضِ میر

مُصنّفۂ

سُلطان الشعرا حضرت میر محمد تقی میرؔ

مع مُقدمہ و ترجمہ و فرہنگ

مُرتّبۂ

سید مسعود حسن رضوی ادیب

Acc. No
8548

R. B. LIBRARY
Acc. No. 8548

فیضِ میرؔ

مُصنّفہٗ

سلطان الشعرا حضرت میر محمد تقی میرؔ

مع

مقدمہ و ترجمہ و فرہنگ

مرتبۂ

سیّد مسعود حسن رضوی ادیبؔ

297.45
MFN - 5598

جملہ حقوق بحقِ مؤلف محفوظ ہیں!

دوسرا ایڈیشن ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ چھ سو
ناشر ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ نسیم بک ڈپو، لاٹوش روڈ، لکھنؤ
طابع ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ نظامی پریس، لکھنؤ
قیمت ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ [illegible]

Nasim Book Depot
REVISED
PRICE
Rs. 2/50
Lucknow.

فہرست مضامین

مقدمہ .. .. ۱ ، ۲۲

اُردو ترجمہ .. .. .. ۲۲ ، ۴۳

پہلی حکایت .. .. .. ۲۲ ، ۲۶

دوسری حکایت .. .. ۲۷ ، ۳۲

تیسری حکایت .. .. ۳۲ ، ۳۷

چوتھی حکایت .. .. ۳۷ ، ۴۰

پانچویں حکایت .. .. ۴۱ ، ۴۳

فارسی متن .. .. .. ۴۴ ، ۸۰

حکایت اوّل .. .. ۴۴ ، ۵۳

حکایت دوم .. .. ۵۳ ، ۶۱

حکایت سوم .. .. ۶۱ ، ۶۹

حکایت چہارم .. .. ۶۹ ، ۷۴

حکایت پنجم .. .. .. ۷۵ ، ۸۰

اشاریہ ۸۱

فرہنگ ۸۲

اشاریہ

آدمیوں اور مقاموں کے نام

احسن اللہ ۵۴
اسحاق خاں شہید ۷۹
اسد دیوانہ ۶۹
اکبر آباد .. .. ۵۲، ۷۵
باڑھی ۵۸
برہان ۶۶
چنگیز ۶۴
دہلی ۷۵
رام ۵۳
سعید خاں ۷۵
شاہ برہان .. .. ۶۱، ۶۶
شاہ جہاں آباد ۷۵
شاہ ساہا .. .. ۴۴، ۴۶
شاہ مدن ۶۲
شیر آہو خانہ .. ۴۵، ۵۲
فیروز خاں ۶۹
فیض علی ۴۴
کابتی ۹۵
گوالیار ۵۶
محمد تقی میر ۴۴
محمد حسین کلیم ۷۸
مرتضیٰ علی ۶۱
مرزا محمد علی ۷۹
ممتاز گنج ۵۳
ناتھ ۷۰
نجم الدین کبریٰ ۶۵
ہرات ۶۴

Khuda Bakhsh O. P. Library.
Patna.
Prog. No 8548
Date 22.3.76
Section

مقدمہ

اُردو انشا پردازی کے صدرِ مجلس اور ادبی و لسانی تحقیق کے خضرِ طریقت حضرتِ آزاد مغفور نے اپنی غیر فانی کتاب آبِ حیات میں معلومات کا وہ انبار لگا دیا ہی جو تنگ نگاہوں میں سما نہیں سکتا، اور اُن کی تحقیق کی وسعت اور جامعیت کا یقین کرنے سے زیادہ آسان یہ معلوم ہونے لگا ہی کہ اُن کے اکثر بیانوں کا من گڑھت افسانوں میں شمار کر لیا جائے۔ کوتاہ نظری اور تنگ خیالی نے ایک ایسی جماعت پیدا کر دی ہی جس نے آزاد پر جا بے جا اعتراض کر دینا اپنی وضع میں داخل کر لیا ہی لیکن دور بیں نگاہیں دیکھتی ہیں کہ یہ حالت بہت دنوں تک قائم رہنے والی نہیں ہی، ادبی تحقیق کا ذوق اب ہمارے دلوں میں گھر کر رہا ہی اور اپنے ادبی دفینوں کی تلاش میں خاک چھاننے کی دُھن پیدا ہو چلی ہی۔ یہ ذوق ذرا اور پختہ اور یہ دُھن کچھ اور پکی ہو لے اور تحقیق کے راستے کی مصیبتوں اور خطروں کا احساس عام طور پر ہونے لگے تو یہ عارضی آزاد بے زاری بے شبہہ آزاد پرستی میں تبدیل ہو جائے گی۔ اس وقت بھی ادبی تحقیق میں آزاد ہی کو یہ مرتبہ حاصل ہی کہ اُن سے اختلاف کرنا محقق ہونے کی سند سمجھا جاتا ہے۔

آزاد کے خلاف جو بدظنی پھیل رہی ہی اور پھیلائی جا رہی ہی اُس کا نتیجہ یہ ہی کہ

جہاں آبِ حیات میں کسی ایسی چیز کا ذکر دیکھا جو ہماری دست رس سے دور یا ہمارے علم سے باہر ہو اس کو آزاد کا گڑھا ہوا افسانہ سمجھ لیا۔ آزاد کی تحقیق میں غلطیاں ممکن، ہیں اور کسی محقق کو غلطیوں سے مفر نہیں، لیکن جو لوگ تحقیق کی غلطی اور افسانے کی تصنیف کا فرق سمجھتے ہیں، اُن کی نظر میں آزاد محقق ہی ٹھہرتے ہیں۔ یہ دوسری بات ہے کہ آزاد تحقیق کو افسانے سے زیادہ دل چسپ بنا سکتے ہیں۔ انشا پردازی کا یہ کمال اگر کسی اور کے حصّے میں نہ آیا ہو تو آزاد سے نہیں فطرت سے لڑنا چاہیے۔ آزاد کی تحقیق اور انشا پردازی پر مفصل بحث کرنے کا یہ محل تو نہیں ہے لیکن "دکھاؤں گا تماشا دی اگر فرصت زمانے نے"

میر تقی میر کے بارے میں آزاد کی بہت سی مفروضہ غلط بیانیاں دکھائی جا چکی ہیں[1]۔ انھیں کی تصانیف میں آزاد نے رسالۂ نیض میر کو بھی شمار کیا ہے۔ جس وقت تک یہ رسالہ دُنیا کی نگاہ سے اوجھل تھا اُس وقت تک وہ آزاد کا تصنیف کیا ہوا افسانہ تھا۔ آج یہ رسالہ آپ کے ہاتھ میں ہے۔ اب دیکھیے وہی افسانہ ایک حقیقت بن گیا۔ اسی طرح ادبی تحقیق جتنی آگے بڑھتی جائے گی آزاد کے افسانے حقیقت بنتے جائیں گے

آزاد نے ہم کو بہت سی راہیں پہلے پہل دکھائی ہیں اور بہت سی کہانیاں پہلے پہل سنائی ہیں۔ اگرچہ بہت سی باتیں آزاد نے ایسی کتابوں سے لی ہیں جو

---

[1] میری ایک کتاب آبحیات کا تنقیدی مطالعہ ۱۹۵۳ء میں شایع ہو چکی ہے، جس میں آزاد کے بیانوں کی صحت اصل ماخذوں کے حوالے سے واضح کی گئی ہے۔

طاقِ نسیاں کے نقش و نگار ہو گئیں یا جن کا ایک آدھ بوسیدہ کرم خوردہ نسخہ دُنیا کے کسی گوشے میں پڑا ہوا ہے، تاہم چوں کہ اُن کو منظرِ عام پر لانے کا سہرا حضرت آزاد کے سر ہی لہٰذا ان باتوں کے علم کے لیے بھی ہم آزاد ہی کے منّت گزار ہیں۔ فیضِ میر کا نام بھی انھیں کی بدولت ہم تک پہنچا۔ مگر آزاد نے اس رسالے کا فقط نام ہی لکھا ہے۔ غالباً یہ رسالہ اُن کی نظر سے نہیں گزرا، ورنہ وہ اُس کے موضوع وغیرہ کا کچھ ذکر ضرور کرتے۔[۱]

فیضِ میر کے ذکر سے اکثر تذکرے خالی ہیں۔ البتہ محسن نے میر کی تصنیفوں کی فہرست ان لفظوں میں دی ہے:—

"چھ دیوان ہندی مع قصائد و مثنوی، ایک دیوان فارسی، ایک تذکرہ، ایک رسالہ میر فیض ان سے یادگار ہے"[۲]

مولّفِ تذکرہ کے قلم کی لغزش ہو یا کاتب کی اصلاح، لیکن اس میں شک نہیں کہ میر فیض سے وہی رسالہ مراد ہے جس کا صحیح نام آزاد نے فیضِ میر بتایا ہے۔

ایک زمانہ ہوا کہ اودھ کے شاہی کتب خانوں کی فہرست میں میں نے ذکرِ میر کا نام دیکھا[۳]۔ حضرتِ میر کی خود نوشتہ سوانح عمری کی زیارت کے لیے دل بے چین ہو گیا۔ میں ان دنوں قدیم اور کم یاب کتابوں کی تلاش میں لکھنؤ کی گلیوں کی خاک چھانتا پھرتا تھا۔ میری آنکھیں ذکرِ میر کو ڈھونڈتی تھیں، لیکن اس کا پتا کہیں نہ لگتا تھا۔

---

[۱] آبِ حیات صفحہ ۲۰۷   [۲] تذکرۂ سراپا سخن صفحہ ۲۹

[۳] فہرست کتب خانہائے اودھ مرتبہ ڈاکٹر اشپرنگر صفحہ ۹۲، نمبر ۶۷

طلبِ صادق کی کشش دیکھیے کہ ایک مدّت کے بعد مجھے میرؔ کی غیر مطبوعہ اور نہایت کم یاب تصنیفوں کا ایک مجموعہ ہاتھ آگیا۔ اس مجموعے میں ذکرِ میرؔ بھی تھی، میرؔ کا فارسی دیوان بھی تھا اور رسالۂ فیضِ میرؔ بھی تھا۔ اس گنجِ بادآوردہ کے ملتے ہی مجھے خیال ہوا کہ جس گلدستے سے میں نے اپنی آنکھیں روشن کیں ہیں اُس سے اربابِ ذوق کی نگاہوں کی بھی ضیافت کروں۔ ذکرِ میرؔ کی اشاعت طے ہوگئی۔ کاتب تلاش کیا گیا، مقدمہ لکھنے کا سامان ہونے لگا، یہاں تک کہ کتاب کی نقل بھی ختم کے قریب پہنچی۔ لیکن اُس کی اشاعت کی سعادت میری قسمت میں نہ تھی۔ یکایک رسالۂ اُردو[1] نے خبر دی کہ انجمن ترقیِ اُردو عن قریب ذکرِ میرؔ کو شایع کرنے والی ہے۔ غرض کہ میری یہ محنت رائگاں ہوئی اور دل کی ایک اُمنگ بجھ کر رہ گئی۔ مگر میرے لیے یہ کوئی نئی بات نہ تھی۔ اس سے پہلے بھی کئی مرتبہ ایسا ہوچکا تھا کہ کسی کام کو شروع تو میں نے کیا، لیکن ختم کسی اور نے کر دیا۔ بہرحال ذکرِ میرؔ شایع ہوگئی اور دُنیا نے دیکھ لیا کہ جو قلم اُردو نظم کے میدان میں کوثر اور سلسبیل بہاتا تھا وہ فارسی نثر میں بھی کیا کیا گلکاریاں کرتا ہے۔ نکات الشعرا نے میرؔ کی فارسی انشاپردازی کی سند میں جو محضر پیش کیا تھا اُس پر ذکرِ میرؔ نے ایک مہر اور لگا دی۔

ذکرِ میرؔ کی اشاعت گو میرے ہاتھوں نہیں ہوئی لیکن میرا مقصد تو ایک حد تک پورا ہو ہی گیا۔ اب میرؔ کی بقیہ غیر مطبوعہ کتابوں کی اشاعت کی فکر

---

[1] رسالۂ اُردو بابت اپریل ۱۹۲۶ء

تھی۔ خدا کا شکر ہے کہ فیض میر کی اشاعت کا وقت بھی آ گیا۔ میر کی جتنی تصنیفوں کا پتا لگ چکا ہے اُن میں اب صرف دو کا شایع ہونا باقی رہ گیا ہے، ایک میر کا فارسی دیوان[1] دوسرے ایک عشقیہ قصّہ[2] فارسی نثر میں۔ یہ وہی قصّہ ہے جس کو میر نے اردو نظم کے لباس میں بھی مثنوی دریائے عشق کی صورت میں پیش کیا ہے۔

نکات الشعرا اور ذکر میر دو آئینے ہیں کہ میر کی سوانح نگاری کے جوہر دکھاتے ہیں۔ اگر میر کے قلم کی رفتار تصوّف اور الٰہیات کی دشوار گزار منزلوں میں دیکھنا ہو تو فیض میر پڑھیے۔

فیض میر ایک مختصر رسالہ ہے۔ مصنّف نے نہایت مختصر حمد و نعت کے بعد لکھا ہے :۔

"می گوید فقیر حقیر میر محمد تقی متخلص بہ میر کہ درین ایام فیض علی پسر من ذوقِ خواندن ترسل پیدا کردہ بود۔ لہٰذا حکایات خمسہ متضمن فوائد بسیار را باندک فرصت نگاشتم و مراعات اسم او نمودہ نام نسخہ فیض میر گذاشتم۔"

یہ عبارت بتاتی ہے کہ میر نے یہ رسالہ اپنے بیٹے فیض علی کے لیے لکھا اور ان کے اور اپنے نام کی رعایت سے اس کا نام فیض میر رکھا۔

میر کے ایک بیٹے میر حسن عسکری عرف میر کلّو عرش لکھنؤ میں رہتے تھے۔ مصحفی نے

---

[1] میر کے فارسی دیوان کا ایک قلمی نسخہ میرے کتب خانے میں موجود ہے۔

[2] یہ قصّہ کلیاتِ میر کے بعض قلمی نسخوں میں شامل ہے۔

اُن کا تخلص زار بتایا ہی[1]۔ نسّاخ کا قول ہی کہ اُن کا تخلص پہلے زار تھا پھر عرش ہوا[2]۔ اُن کے نام سے تو اکثر لوگ واقف ہیں۔ تذکروں میں بھی ان کا ذکر ملتا ہی۔ اُن کے شاگردوں میں شیخ محمد جان شاد لکھنوی سب سے زیادہ ممتاز تھے۔ شاد کو یہ فخر حاصل تھا کہ اُنھوں نے لڑکپن میں اپنی ایک غزل حضرت میر کو بھی دکھائی تھی اور اس فخر کے اظہار کے لیے وہ اپنے کو "پیرو میر" کہا کرتے تھے۔ یہ طرّۂ افتخار اُن کی دستار کمال پر ایسا پھبا کہ آج تک انھیں لفظوں سے اُن کا پتا دیا جاتا ہی[3]۔

عرش کے بڑے بھائی میر فیض علی فیض کو اتنی شہرت حاصل نہیں ہوئی۔ جو تذکرے میری نظر سے گزرے ہیں اُن میں فیض کے بارے میں جو کچھ لکھا گیا ہی وہ ذیل میں نقل کیا جاتا ہی:—

"میر فیض علی فیض تخلص فرزند اور شاگرد میر محمد تقی کے ہیں"

(گلشن سخن۔ مردان علی خاں مبتلا)

"فیض تخلص میر محمد تقی میر کے بیٹے صلاحیت شعار جوان ہیں طبیعت کی موروثی موزونی کے تقاضے سے کبھی کبھی اپنے خاندان کی وضع پر اردو میں شعر کہتے ہیں اور اپنے باپ کے غرور کا بھی کچھ حصہ پایا ہی"

(تذکرۂ ہندی۔ مصحفی)

---

[1] ریاض الفصحا ص ۱۱۸ — [2] تذکرۂ سخن شعرا ص ۳۲۳

[3] آب بقا ص ۹۳ و ص ۱ سخن بے مثال (دیوان شاد) دیباچہ

" میر فیض علی فیض پسر میر تقی مرحوم وزیر الممالک[1] کی سرکار میں اپنے باپ کے ساتھ بسر کرتے تھے۔ کہتے ہیں کہ سخن وری کا غرور اُن کو بہت تھا۔ لیکن میری نظر سے اُن کا کوئی شعر ایسا نہیں گزرا جو اُن کے دعوے کا مصداق ہوتا۔ شاید اُن کی نازش باپ کی شاعری کی بنا پر ہو "

(گلشنِ بے خار۔ شیفتہ)

" سخن ور خوش لہجہ، شاعر شیریں زبان ۔ ۔ ۔ ۔ خلف الصدق میر تقی تربیت یافتہ اپنے پدر بزرگوار کا تھا۔"

(خوش معرکۂ زیبا۔ ناصر لکھنوی)

" فیض تخلص، نام میر فیض علی میر محمد تقی کے بیٹے "

(دیوانِ جہاں۔ بینی نرائن جہاں)

" فیض تخلص میر فیض علی خلف میر تقی میر مقیم لکھنؤ "

(سخن شعرا۔ نساخ)

مصحفی نے فیض کی چار غزلوں سے چند شعر بھی دیے ہیں جو ذیل میں درج کیے جاتے ہیں:۔

نہ مانی تو نے میری اپنی ہی ضد بے وفا رکھی
کہیں اب کس سے ہم جا کر ہماری تو نے کیا رکھی

شبِ وصل آئی تھی یارو سو اس بے لطفی سے کاٹی
ہمارے اپنے اُن نے درمیاں تلوار لا رکھی

کدورت جب تب انداز سے نکلا ہی کی تیرے
ہماری خاک اُس کوچے میں تو نے کب صبا رکھی

---

[1] فرماں روائے اودھ

بنائے صانعِ قدرت نے کیا کیا پھول گُل یوں تو — مرے اُس گُل بدن میں کچھ ادا سب سے جدا رکھی

دَور میں ساقی ترے آ نکلے ہیں مے نوش ہم — جام خالی دے ہے کیا اتنے نہیں مدہوش ہم
سرفرو لاتے نہیں ژولیدہ مویانِ عشق کے — سایۂ بالِ ہما پر ماریں ہیں پاپوش ہم
بے زبانی کی نہ پوچھو وجہ ہم سے کوفت میں — چوٹ کچھ ایسی لگی دل پر کہ ہیں خاموش ہم
شوق میں تیرے کنار و بوس کے اے بحرِ حسن — موج کے مانند ہو جاتے ہیں سب آغوش ہم
دل نہیں بہتا کہ چھپ کر دیکھ لیں ہیں روز فیض — عمر گزری نا کسی سے اپنی ہیں رو پوش ہم (لیویں)

گُل کھاوے جنوں کے لیے جسمِ زار پر — وہ پھول بھی نہ لائے کبھی وہ مزار پر
یاری کی مت اُمید رکھا کر رقیب سے — اک میں ہی ناتوان ہوں بھاری ہزار پر
کیا کیا طیور آکے سرِ تیر پھر گئے — کچھ اِن دنوں نہیں ہے ترا دل شکار پر
یہ فیض ساری صورتیں ہیں مٹنے والیاں — مت بھول آہ یہاں کے تو نقش و نگار پر

روش بھاتی ہے کیا ان خوب صورت گل عذاروں کو[له] — لیے آئینہ دیکھا کرتے ہیں اپنی بہاروں کو
نہیں معلوم کس رشکِ قمر کی راہ تکتے ہیں — کہ ساری رات آنکھوں میں کٹا کرتی ہے تاروں کی
خدا جانے کہ تجھ سے فیض کیا اس کو ہو بیزاری — جہاں دیکھا تجھے اُس نے پکارا اپنے یاروں کو

له یہ تین شعر تذکرۂ ہندی کے مطبوعہ نسخے میں نہیں ہیں مگر ایک قلمی نسخے میں موجود ہیں جو مدرسۂ ندوۃ العلماء، لکھنؤ کے کتب خانے میں ہے۔

گلشنِ سخن اور سخن شعرا میں دو دو شعر ان کے علاوہ ہیں جو ذیل میں نقل کیے جاتے ہیں:۔

کبھی اُس نے لف سے تنک لگ چلے ہوں تو کہیں ہم | دل پر آرزو رکھتے ہیں یونہیں مار مار اپنا

دن رات آگ ہی میں دل کو تپا رہے ہیں | داغِ فراق اُس کے چھاتی جلا رہے ہیں

کہہ دیا سب سے جو کہ تھا معلوم | دل ترا حوصلہ ہوا معلوم

یہ ترکِ چشم تمہارے مست ہیں جواں دونوں | کہ سو رہے ہیں تلے سر کے رکھ کماں دونوں

میر کے دو بیٹے تو شاعر تھے ہی، اگر تذکرۂ شمیم سخن کی روایت صحیح ہی تو میر کی ایک بیٹی بھی صاحبِ دیوان شاعرہ تھیں اور بیگم تخلص کرتی تھیں[۱]۔

میر کی عبارت جو اوپر نقل کی گئی ہی اُس سے معلوم ہو چکا ہی کہ رسالۂ فیض میر میں پانچ حکایتیں بیان کی گئی ہیں۔ لیکن یہاں حکایت سے مراد نہ بادشاہوں اور وزیروں کے قصے ہیں نہ دیووں اور پریوں کی کہانیاں۔ ان حکایتوں میں میر نے اللہ والوں کے حالات اور پیروں کی کرامات بیان کی ہی اور جو کچھ لکھا ہی وہ سُنی سُنائی نہیں آنکھوں دیکھی باتیں ہیں۔ یہ واقعات ہوں یا میر کی خوش اعتقادی کے کرشمے، بہرحال ان کی روشنی میں میر کی ذہنیت صاف نظر آتی ہی اور واضح ہو جاتا ہی کہ شاعروں کے پیر[۲] حضرت میر ایک فقیر منش بزرگ تھے، صوفی درویشوں سے بڑی عقیدت رکھتے تھے، اُن کی خدمت کو

۱؎ شمیم سخن ص ۲۷ ۲؎ میر خود کہتے ہیں "گرچہ ہوں میں نوجواں پر شاعروں کا پیر ہوں"

اپنی عزّت اور اُن کی دل جوئی کو فرضِ انسانیت سمجھتے تھے، اُن کو خدا رسیدہ جانتے اور صاحبِ کرامات مانتے تھے۔ تصوّف اور الٰہیات کے مسائل سے میرؔ کو بڑی دل چسپی تھی۔ وہ اُن کو غور سے سُنتے تھے اور سمجھنے اور یاد رکھنے کی کوشش کرتے تھے۔ جس کی تربیت میر علی متقی اور میر امان اللہ کی گود میں ہوئی ہو، اس کی طبیعت کا انداز اور کیا ہوتا۔

میرؔ کی شاعری کو بہ خوبی سمجھنا ہو تو میرؔ کو سمجھیے۔ اور میر کو سمجھنا ہو تو ذکرِ میر اور فیضِ میرؔ پڑھیے۔ حقیقت یہ ہی کہ میرؔ کے کلام کی تہہ کو پہنچنے کے لیے ان دونوں کتابوں کا مطالعہ ناگزیر ہی۔ ذکرِ میرؔ اگر میرؔ کے ماحول کا صحیح نقشہ ہی تو فیضِ میرؔ اُن کی سیرت کی سچی تصویر ہی۔ اس کے علاوہ اس کتاب سے صوفیوں کا اندازِ طبیعت، پردازِ خیال اور طرزِ کلام بھی خوب سمجھ میں آتا ہی۔ اس لیے عشقِ حقیقی کے معاملات اور تصوّف کے خیالات جو ہماری شاعری کو زینت دیتے ہیں، اُن کے ذہن نشین کرنے میں بھی اس رسالے سے بہت مدد ملے گی۔

میرؔ کی معاشرت، حالاتِ زندگی اور تعلقاتِ خاندانی کے بارے میں اس رسالے سے صرف اتنا معلوم ہوتا ہی کہ میرؔ کے یہاں ایک غلام اور ایک بوڑھی خادمہ تھی، مُنھ ہاتھ دھونے کے لیے طشت اور آفتابہ استعمال کرتے تھے، شہ سواری جانتے تھے؛ مگر گھر میں گھوڑا نہ تھا؛ اکبرآباد کو چھوڑ کر دہلی میں رہنا شاق تھا؛ اُن کے ایک بیٹے فیض علی تھے اور ایک عزیز محمد حسین کلیم تھے جو

لہ ذکرِ میر ص۲۰

اسحٰق خاں شہید کے چھوٹے بھائی مرزا محمد علی کے یہاں پچاس روپے ماہوار پر نوکر تھے۔

انھیں محمد حسین کلیم کے بارے میں میر نے نکات الشعرا میں لکھا ہے کہ شاہ جہاں آباد کے رہنے والے ہیں، سپاہی پیشہ آدمی اور ریختے کے زبردست شاعر ہیں، صاحب دیوان ہیں، قصیدے، مخمس اور رباعیاں بھی کہی ہیں۔ ان کا طرز کسی کے طرز سے نہیں ملتا ہے لیکن اکثر مرزا بیدل کی زبان میں باتیں کرتے ہیں۔ ان کے تہہ دار شعروں کے سمجھنے میں فہم عاجز ہے۔ ان کی طبع رواں سیلاب کی روانی رکھتی ہے اور ان کی فکر رسا آسمان کے اس پار نکل جاتی ہے۔ فارسی میں ایک کلیم گزرا ہے، لیکن فقیر کے نزدیک کلیم ریختہ یہ ہیں۔ بندے کو ان کی خدمت میں جو قرابت قریب حاصل ہے اس سے قطع نظر ان کے ساتھ ایک دلی خلوص رکھتا ہوں۔ اکثر اس ہیچ مدان کے حال پر شفقت فرماتے ہیں۔ خدا ان کو سلامت رکھے۔[1]

میر کے اس بیان سے یہ نہ معلوم ہوا کہ ان میں اور کلیم میں کیا قرابت تھی۔ میر حسن نے کلیم کو دیکھا تھا۔ لکھتے ہیں کہ جوان محمد شاہی گندم گوں، دراز قد تھے، میر سے قرابت قریبہ رکھتے تھے۔ مرزا لطف نے بھی کلیم کو میر کے قرابتیوں میں لکھا ہے، لیکن ان کا رشتہ نہیں بتایا ہے۔ شیفتہ نے کلیم کو میر کا بہنوئی اور ان کے بیٹے میر محمد حسن عرف میر حاجی تجلی کو میر کا خواہر زادہ لکھا ہے۔[2] تذکرہ سراپا سخن کے مؤلف محسن نے بھی تجلی کو میر کا خواہر زادہ بتایا ہے۔[3] لیکن کلیم کے دوسرے بیٹے میر محمد محسن محسن کو

---

[1] نکات الشعرا ص ۷۵ [2] گلشن بیخار ص ۴۰ [3] سراپا سخن ص ۲۱۵

میر کا برادر زادہ لکھا ہے[۱]۔ حسن اور شیفتہ نے بھی محسن کو میر کا برادر زادہ بتایا ہے، لیکن کلیم کا بیٹا نہیں لکھا[۲]۔ محسن کے نام میں ان دونوں کے یہاں کچھ اختلاف ہے۔ حسن نے ان کا نام 'شیخ محمد محسن' اور شیفتہ نے 'میر محسن' لکھا ہے۔

محمد حسین کلیم کے بارے میں مختلف تذکروں سے جو کچھ معلوم ہو سکا وہ یہ ہے کہ مسلم الثبوت شعرا میں شمار کیے جاتے تھے، فارسی اور اردو دونوں زبانوں میں شعر کہتے تھے، نثر اور نظم دونوں پر قدرت رکھتے تھے۔ انھوں نے شیخ محی الدین ابن عربی کی کتاب فصوص الحکم کا اردو میں ترجمہ کیا تھا، ایک رسالہ یا بقول قائم کئی رسالے عروض و قافیے پر لکھے تھے۔ ایک دیوان اور چند مثنویاں بھی اُن کی تصنیف سے تھیں۔ ان کے قصیدوں اور غزلوں کے اشعار کی تعداد بیس ہزار کے قریب تھی۔ آدمی قابل تھے، علم عروض اور فن شعر کے ماہر تھے، لیکن کلام بے نمک اور مشکل تھا اس لیے مشہور نہ ہوا۔ محسن لکھتے ہیں کہ کلیم میر تقی میر کے شاگرد تھے اور انھوں نے ابن عربی کے اکثر رسالوں کا اردو میں ترجمہ کیا تھا۔ لیکن اُن کا یہ قول صحیح نہیں معلوم ہوتا۔ قائم کا بیان تو یہ ہے کہ 'فصوص' کا ترجمہ اردو نظم میں کر رہے تھے، لیکن بعض عوارض کے سبب سے اس کام کو ترک کر دیا۔ میر حسن نے اُن کی اردو نثر کی ایک کتاب سے ذیل کے چند جملے بھی نقل کیے ہیں جو بادشاہ احمد شاہ کے نابینا ہو جانے کے متعلق لکھے گئے تھے:۔

"کل کے دن تھے بادشاہ اور وزیر، آج کے دن ہو بیٹھے میاں اندھے

۱؎ سراپا سخن ص ۹۲ ۲؎ تذکرہ میر حسن ص ۱۴۳، گلشن بیخار ص ۱۷۲

ہو بصیر۔ ایسی دولت سے زینہار زینہار، فاعتبروا یا اولی الابصار۔"

میر حسن نے کلیم کو "شاعر زبردست و مشاق قدیم"۔ قائم نے "پہلوانِ میدانِ سخن"۔ لطف نے "کلیم طورِ سخن دانی" اور شیفتہ نے "کلیم طورِ معنی پروری مسیح معجزۂ سخن وری" لکھا ہے۔ کلیم کی تاریخ وفات کسی تذکرے میں نہیں ملی۔ صرف اتنا معلوم ہو سکا ہے کہ فیض میر اور نکات الشعرا کی تصنیف کے وقت زندہ تھے لیکن میر کی زندگی ہی میں ان کا انتقال ہو گیا تھا۔

میر نے نکات الشعرا میں کلیم کے بہت سے شعر دیے ہیں۔ اُن میں سے چند یہاں نقل کیے جاتے ہیں:۔

آتی ہے دل پہ قلقلِ مینا سے اب شکست وہ دن گئے کلیم کہ یہ شیشہ سنگ تھا

درازیِ شبِ ہجران و زلفِ یار، کلیم تو مجھ سے پوچھ کہ کاٹی ہے رات آنکھوں میں

مجھے برقِ خار سے کام کیا جو چلا ہے حق کو تلف کر یہ ازل کے دن سے نصیب ہے کفِ پائے آبلہ دار کا

اب دم شمردگی سے مجھے کاروبار ہے ہر دم مرے حساب سے روزِ شمار ہے

محمد حسین کلیم کا حال ذیل کی کتابوں میں دیکھیے:۔

(۱) نکات الشعرا ص۴۵، (۲) فیض میر ص۸۹، (۳) تذکرہ میر حسن ص۱۶۳،
(۴) گلشن ہند ص۱۴۵، (۵) سراپا سخن ص۱۰۵، (۶) گلشن بےخار ص۱۶۳، (۷) المخزن نکات ص۳۵

غرض وحسن کو نہیں کسی کی داد کو پہنچے
غرض تم سن چکے احوال ہم فریاد کو پہنچے

میرؔ کو فارسی زبان پر جو عبور تھا اور فارسی نثر لکھنے کی جو قدرت تھی وہ اُن لوگوں سے پوشیدہ نہیں ہے جنھوں نے میرؔ کی خود نوشتہ سوانح عمری ذکرِ میرؔ اور اُن کا تذکرہ نکات الشعرا دیکھا ہے۔ میرؔ کے ہم عصر بھی اُن کی نثر نگاری کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔ میرحسنؔ نے اُن کی نظم کے ساتھ نثر کی بھی تعریف کی ہے۔ لکھتے ہیں :-

"چراغ نثرش روشن و ساختۂ نظمش گلشن[۱]"

میرؔ بالعموم مقفّیٰ عبارت لکھتے ہیں۔ لیکن قافیے کے التزام سے عبارت کی شگفتگی، بے ساختگی اور روانی میں فرق نہیں آتا۔ قافیے کے التزام سے شاید کہیں کہیں کچھ تصنّع پیدا ہو گیا ہو، لیکن زیادہ تر عبارت کا حُسن بڑھ جاتا ہے۔ ہم قافیہ فقروں اور جملوں کی قید سے عبارت میں اکثر یہ نقص پیدا ہو جاتا ہے کہ ہر فقرے اور جملے کے بعد جو دوسرا جوابی فقرہ یا جملہ آتا ہے اُس میں کبھی پہلے فقرے یا جملے کے مفہوم کی بے جا تکرار ہوتی ہے اور کبھی بے ضرورت لفظوں کی بھرتی ہوتی ہے۔ اس سے عبارت میں تصنّع، طوالت اور سُستی پیدا ہو جاتی ہے۔ لیکن میرؔ کے یہاں یہ نقص نہیں ہے۔ اُن کے یہاں جوابی فقرے اور جملے بھی چُست ہوتے ہیں اور اپنا مفہوم علیحدہ رکھتے ہیں۔ اس کے علاوہ جس عبارت میں بڑے بڑے جملوں کے آخر میں قافیہ لایا جاتا ہے، وہ اکثر بے لطف معلوم ہوتی ہے۔ لیکن میرؔ کے یہاں

---

[۱] تذکرہ میرحسن ص۱۷۵

چھوٹے چھوٹے جملوں بلکہ دو لفظی اور سہ لفظی فقروں کے بعد قافیہ آتا ہے تو عجب بہار دکھاتا ہے۔ چند مثالیں ملاحظہ ہوں :۔

"پسرا در اخون بگیرد، خودش بخاری بمیرد۔ ناگہاں آتش در اُفتد، رسم باشش و بود بر افتد۔ از من آثار نماند، این جا دیّار نماند۔ آبادی غیرت وادی شود، مار بر عصا راہ رود۔ مردمان تباہ، خانہا سیاہ، ازین سرتا بہ آن سر ویرانہ، این با ہم نشستہا افسانہ۔ محلہ را آب برد، این جا تو نہ پرد۔"

"آن سرمایۂ جانہا کہ مقصود دلہاست آئینۂ در پیش دارد، و سرے با خویش۔ گرم تماشائے خود است، و محوے سراپائے خود۔ اگر بر آسمانِ ہفتم روی بے پرواست، در خاک شوی ہمان گرم استغنا۔ بے رنگی او رنگہا دارد، و ساز وحدتش آہنگہا۔ شفق یادی دہد از رنگ اکش، گل می گوید کہ گل بر جمالش۔"

"ز نومیدی از برائے چہ، مقصود ہم کنار است۔ دل تنگ چرا نشستۂ کہ عالم ہمہ یار است۔ برخیز و سیاحت کن، خوش باش و فراغت کن۔ برخاستم، ہم راہ شدم۔ آگاہ بے بود آگاہ شدم۔"

"خدا طرز خود آراست، غریب دل بر خود نماست۔ گرد راہش قیامت انگیزد، طرز خرامش بلاہا ریزد۔ کار او ہیچ بہ فہم در نیاید، دانش

اعتراف بہ عجز می نماید۔ حیران کار خرد مند، در عجب وقت پسند۔ او سرگرم کار، فکر در آزار۔ آگاہ ناگاہ، دلیل گم راہ۔ ادراک و فہم، این جا ہمہ وہم۔"

میرؔ اپنی نثر میں عام طور پر قافیے کا التزام کرتے ہیں۔ لیکن ایسا نہیں ہو کہ قافیے کی تلاش میں مطلب کی راہ بھول جائیں۔ اور نہ یہی ہو کہ بغیر قافیے کے قدم آگے نہ بڑھائیں۔ ایسے جملے اور فقرے بہ کثرت ہیں جن کے جوابی جملے اور فقرے نہیں لکھے ہیں۔ اس کے علاوہ کہیں کہیں دُور تک نثر عاری لکھتے چلے گئے ہیں۔ مثلاً :—

"باآن کہ محو یاد الٰہی می بود اما ربط درستے بہ شعر و شاعری داشت۔ یکے دم صبح مرا خواست۔ چون حاضر شدم گفت کہ خفقان بہ شدت دارم۔ واشدے نمی شود۔ شعرہاے عاشقانہ بخوان، کہ زار بگریم۔ اتفاقاً این شعر از زبان من برآمد

مبر بہ پیش دل تو شکیبِ من نامش — کہ از براے تپیدن بہانہ می طلبد

دست بر دل نہاد و غش کرد۔ مردمان بر دو دستش برداشتہ اندرون خانہ بردند۔ از آن بعد بیرون نیامد۔ دو سہ روز حال عجبے داشت، گاہے غش گاہے افاقت۔ آخر درگذشت۔ خداے کریمش بیامرزاد۔"

توصیفی فقروں کے بنانے میں میرؔ کو بڑا کمال تھا۔ وہ جب کسی کے اوصاف بیان کرنے پر آتے ہیں تو چھوٹے چھوٹے فقرے پے در پے لکھتے چلے جاتے ہیں۔ ذیل کی مثالیں ملاحظہ ہوں :—

"اسدِ دیوانہ، ساکنِ ویرانہ، سالکِ مجذوب، درویشِ خوب، رندِ بوریا پوش، بحرِ درجوش۔"

"مردے بود کامل، ہمہ تن دست و دل، بالا بلند، دقت پسند، گرم جوش، سراپا ہوش، چسپان اختلاط، خوش ارتباط، وضع مربوط، حال مضبوط، دل بایار، دست درکار، قائم اللیل، صائم النہار۔۔۔۔۔۔ رو از دُنیا برتافتہ، عاقبت قرار یافتہ۔۔۔۔۔۔ چادر بردوش، بایک ستر پوش، پابے کفش، سر عریاں، گاہے خنداں، گاہے گریاں۔"

"دلیلِ راہِ عرفان، میاں شاہ برہان، دست از دنیا برداشتہ، قدم براہ فنا گزاشتہ، آوارۂ بہ منزل رسیدہ، بہ گلیم سیہ سر درکشیدہ، سفید گو و برہنہ تن، با معنی در یک پیرہن۔"

میرؔ کو فلسفۂ الٰہیات کے مسائل سے دلچسپی تو تھی ہی، وہ اُن کو بڑی خوبی سے بیان بھی کر سکتے تھے، جیسا کہ ذیل کی مثالوں سے ظاہر ہے:—

"لذت دریافتن چیزے ملائم است والم دریافتن چیزے منافی آں۔ ہر قوت را از قوتہا مدرکاتِ لذت والم است بحسبِ آں قوت۔ چناں کہ لذت باصرہ در دیدنِ محبوب ولذتِ سامعہ در سمعِ آوازِ خوب۔ چنداں کہ مدرکِ عظیم تر لذتِ قوی تر۔ وگر از اضداد است رنج والم زیادہ است۔ چوں ہیچ

مدرکِ شریف تر از ذات و صفاتِ واجب الوجود نیست پس ہیچ لذتے لذیز تر از معرفتِ او نہ باشد ۔ و قوت ہائے جسمانی با ابدان می روند یعنی از فنائے آں باطل می شوند ۔ قوتِ عقلی کہ لذت و الم را می داند بانفسِ ناطقہ باقی می ماند ۔ ادراکِ نفسِ متعلق بہ بدن قاصر و مجرد در مشاہدۂ جمالِ او ناظر"۔

"در اثباتِ بعث و حشر دلائل بسیار است، اما عودِ نفس بہماں بدن دشوار است ۔ مشکلت و مثلاً آدمی مُرد و خاکش ہمہ خورد ۔ و پس از روزگار طویل اجزاے ارضی بہ نبات مستحیل ۔ نبات غذاے حیوان شد و حیوان غذاے انسان ۔ اگر ہمت بہ حشر بگمارند بہ کدام صورت باز آرند ۔ مع ہذا النفوس مفارقہ را غایت نیست و ابدان و مادہ را نہایت ۔ اگر حشر کنند و بہ قسمتِ مواد گرایند نفوس از مواد البتہ بیش ترایند ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ حقیقتِ جانِ آدم قدیم است بہ ذاتِ خویشتن و گفتگوے قالب در این جا بر قالب زدن ۔ گمان مبر کہ معنیِ مرگ نیستیِ جانِ عزیز است ۔ این انقطاعِ تصرفِ او از قالب ناچیز است ۔ معنیِ بعث و حشر نہ آں باشد کہ جان را قالب ہماں باشد ۔ قالب مرکبے بیش نیست، از بدلِ آں چہ زیان است ۔ ردّ و بدل با سوار است، سوار خود ہماں است"۔

"بہشت و دوزخ کہ قالب در آں شریک است متعارف است ۔ حاصل یکے حور و قصور و انہار و اشجار، حاصل دیگرے زہر و زقوم و نار و مار ۔

اما بہشت ودوزخ روحانی یعنی لذت والم جانی، حاصل آن دریافت معقولات ومشاہدۂ آں ماہِ تمام۔ حاصل این شرم خجالت وسوختگی و الآم۔ حکما می گویند کہ نفس را بعد موت لذتِ عظیمے است کہ لب بتوصیف او نتواں کشاد، یا الم ایسے است کہ شرح آن نتوان داد۔ اشارت بہ ہمیں دو حال است نفوس کاملہ را لذتِ دوام، ناقصہ را رنج والم مدام۔"

میر کے قبضے میں فارسی لفظوں اور محاوروں کا بہت بڑا ذخیرہ ہے۔ ان کے استعمال پر اُن کو جو غیر معمولی قدرت حاصل ہے اُس کے ثبوت میں کوئی مثال پیش کرنا ضروری نہیں معلوم ہوتا ہے۔ کتاب کا ہر صفحہ اس پر شہادت دے رہا ہے۔

فیض میر کا زمانۂ تصنیف نہیں معلوم ہو سکا۔ اتنا پتا تو چلتا ہے کہ میر نے یہ رسالہ دہلی میں مستقل سکونت اختیار کرنے کے بعد، میر محمد حسین کلیم کی زندگی میں، اور میاں سعید خاں کے انتقال کے بعد لکھا۔ لیکن کلیم اور سعید خاں کے انتقال کی تاریخ بھی معلوم نہیں، ورنہ اس رسالے کی تصنیف کا زمانہ معین کرنے میں کچھ مدد ملتی۔

رسالۂ فیض میر کا جو نسخہ میرے کتب خانے میں ہے، وہ بدخط بھی ہے اور کرم خوردہ بھی۔ اُس کے پڑھنے میں پوری کوشش کی گئی، پھر بھی بعض لفظ مشتبہ رہ گئے۔ جی چاہتا تھا کہ اگر اس رسالے کا کوئی دوسرا نسخہ مل جائے تو اُس سے مقابلہ کرکے مشتبہ مقامات کی تصحیح کر لی جائے۔ خدا خدا کرکے پتا لگا کہ رام پور میں ایک صاحب کے پاس یہ رسالہ موجود ہے۔ کامیابی کی یہ صورت جو نظر آئی تو میرا شوق

مجھ کو رام پور کھینچ لے گیا۔ لیکن انتہائی کوششوں پر بھی رسالے کا مقابلہ ممکن نہ ہوا۔ مقابلے کا کیا ذکر مالکِ رسالہ نے واقف حال لوگوں کو اپنا نام بتانے کی بھی اجازت نہیں دی۔ بہر حال میں پروفیسر سید محمد نقی صاحب شاد ماں لکھنوی اور مولوی عزیز اللہ خاں صاحب مدیر ماہ نامۂ نیرنگ کا شکر گزار ہوں کہ انھوں نے اس معاملے میں کافی کوشش کی، اور مالکِ رسالہ کا بھی کہ ان کے طرزِ عمل کی بہ دولت انسانی فطرت کا ایک نیا پہلو پیشِ نظر ہو گیا۔ اب اس کتاب میں جو غلطیاں ملیں اُن کا ذمہ دار قارئین کرام مجھ کو نہیں، بلکہ انھیں رام پور کی حضرت کو قرار دیں، جنھوں نے مجھ کو ان غلطیوں کی تصحیح کا موقع نہ دیا۔ کسی نے خوب کہا ہے

خدا جزا اے بہ آنان دہد کہ چارۂ دل
بہ یک نگاہ نہ کردند ومی توانستند

فیض میر فارسی میں ہے اور فارسی بھی ایسی جس کا سمجھنا بہت آسان نہیں ہے۔ اس لیے کتاب کی نفع رسانی کا دائرہ وسیع کرنے کی غرض سے اُس کا خلاصہ اُردو میں لکھا جاتا ہے۔ یہ خلاصہ کیا ہے کتاب کا آزاد ترجمہ ہے، جس میں کہیں کہیں ایسے فقرے اور جملے چھوڑ دیے گئے ہیں جو صرف تزیینِ کلام کا فائدہ دیتے ہیں۔

پہلی حکایت

ایک دن میں ایک مشہور درویش سے ملا، جس کا نام شاہ ساہا تھا اور جو دن رات استغراق کے عالم میں رہا کرتا تھا۔ وہ بڑی مہربانی سے پیش آیا اور کہنے لگا کہ تم اس قدر پریشاں حال کیوں ہو۔ اگر تمھارے دل کو اُس سراپا ناز

بے تعلق ہے، تو خود اپنے آپ پر نظر رکھو۔ کیوں کہ باوجود اس تنزّہ اور تقدّس کے وہ ایسا تعلق رکھتا ہے کہ اس میں اور تم میں کوئی فرق نہیں کیا جا سکتا۔ گو کہ وہ کمالِ ظہورِ حُسن کی وجہ سے آفتابِ نصف النہار کی طرح حجاب میں ہے، لیکن دُنیا کا کوئی ذرّہ اُس کے پَرتَو سے محروم نہیں ہے۔ غور کرو اور اپنی حقیقت کو سمجھو۔ تم خود ہی اپنا مقصود ہو۔

شام کے وقت مشکیزہ کندھے پر رکھے ہوئے بازار میں آتا تھا اور آواز دیتا تھا کہ اے ہستی کے کم آب دریا کے ساحل پر پیاسے رہنے والو! اگر تم میں سے کوئی اپنے لب تر کرنا چاہتا ہو، تو آئے۔ جب لوگ اُس کے گرد جمع ہو جاتے تھے تو کسی کو دُودھ اور کسی کو شکر کا شربت پلاتا تھا۔

ایک دفعہ پہر رات گئے مُجھ سے کہنے لگا کہیں سے جَو کی روٹی ملتی تو میں سیر ہو کر کھاتا۔ مَیں اپنے گھر آیا۔ سب لوگ سو گئے تھے، سوا ایک بوڑھی خادمہ کے جو کروٹیں بدل رہی تھی۔ اُس سے روٹی مانگی۔ اُس نے بہت چِڑ چِڑ ہو کر روٹی پھینکا دی۔ جب میں وہ روٹی اُس درویش کے پاس لے گیا تو وہ کہنے لگا کہ یہ آدمی کے کھانے کے قابل نہیں ہے۔ اس پر ایک کتیا بھونکی ہے۔ اِسے لے جاؤ اور کتوں کے آگے ڈال دو۔ غرض کہ اُس نے وہ روٹی کسی طرح نہ کھائی اور مجھے اِس بات پر بڑی حیرت ہوئی۔

ایک بوڑھی تیلن اس کی معتقد تھی۔ اکثر اس کے یہاں ایک ٹکڑا روٹی کھا لیتا اور ایک گھونٹ پانی پی لیتا تھا۔ ایک دفعہ اُس فقیر پر یہ حالت طاری ہوئی کہ بند سے بند جدا، اور سر ہوا میں معلق۔ بڑھیا یہ دیکھ کر چیخنے لگی کہ اے محلّے والو! کسی نے میاں

ساہا کو قتل کر ڈالا۔ ایک ہنگامہ برپا ہو گیا۔ اس شور و غوغا سے درویش اپنی اصلی حالت پر آ گیا۔ اُس نے دونوں ہاتھ زمین پر پٹکنا اور نفرین کرنا شروع کیا کہ جس کسی نے میرا یہ راز فاش کیا ہو اُس کا لڑکا آج ہی رات کو قتل ہو جائے، وہ خود ذلّت کی موت مرے، ناگہاں آگ لگ جائے، میرا نشان نہ رہے، یہاں آدمی کا نام نہ رہے، آبادی ویرانہ ہو جائے، ایک سانپ کا اِدھر سے گزر ہو، آدمی تباہ اور گھر سیاہ ہو جائیں، یہ محلّہ بہہ جائے اور یہاں ایک چڑیا تک نہ دکھائی دے۔

اتنے میں دن ختم کے قریب پہنچا۔ درویش نے مُنہ ہاتھ دھو کر نماز پڑھی اور مجھ سے مہربانی سے کہا کہ اے عزیز! آج شام سے پہلے ہی چلا جا۔ فقیر کے لیے تشویش کا سبب نہ بن۔ مجھے دکھائی دے رہا ہے کہ یہ محلّہ نزول حادثات کا محل ہے۔ قریب ہے کہ عافیت یہاں سے رخصت ہو اور مصیبت نازل ہو۔

رات کو کوئی دو سو چور تلواریں لیے ہوئے آئے اور اُن میں سے دو تین آدمی کمندیں ڈال کر بڑھیا کے کوٹھے پر پہنچے۔ اُس کا بیٹا اُن سے مقابل ہوا مگر تلوار کے ایک ہی وار میں ختم ہو گیا۔ چوروں نے گھروں میں آگ لگا دی اور اطمینان سے لوٹ مار کر چل دیے۔ لوگوں نے ڈر کے مارے محلّہ چھوڑ دیا۔ مگر ابھی کوئی پناہ کی جگہ بھی نہ ملی تھی کہ دفعتہً کالی گھٹا چھا گئی اور ٹوٹ ٹوٹ کر برسنے لگی۔ اس کو ایک پہر بھی نہ گزرا تھا کہ پانی کا ایک سمندر اُمنڈتا ہوا جنگل کی طرف سے شہر میں آیا اور مکانوں کو بہالے گیا۔ جب سیلاب دُور ہوا تو عمارتوں کا نشان بھی نہ تھا۔ وہ محلّہ کفِ دست میدان ہو گیا تھا۔

میں حیران و پریشان فقیر کے تکیے کی طرف چلا۔ راستے میں میری نگاہ اُس بڑھیا

پر پڑی۔ میں نے اُس سے حال پوچھا۔ اُس نے کہا کہ تفصیل کیا بیان کروں۔ فقیر کی نفرین نے یہ حال کیا ہے۔ اگر اُس سے ملاقات ہو تو کہنا کہ میں اپنی سزا کو پہنچ چکی۔ اب دعا کرو کہ موت میری مشکلیں آسان کر دے۔ میں نے کہا اطمینان رکھو۔ اگر موقع ملا تو تمھارا پیغام اُس تک پہنچا دوں گا۔

ابھی کوئی ایک تیر کے پلّے پر پہنچا ہوں گا کہ راستے میں ایک کالا سانپ آندھی کی طرح چلا آرہا تھا۔ میں سڑک سے ہٹ گیا اور بالا بالا فقیر کے تکیے پر پہنچا۔ دیکھا کہ فقیر جامۂ ببری پہنے شیر کی کھال پر بیٹھا ہوا ہے۔ اس کی ہیبت ناک ہیئت نے مجھ پر یہ اثر کیا کہ میرے پاؤں کانپنے لگے۔ اُس کی آنکھوں سے گویا چنگاریاں نکل رہی تھیں، اور وہ ہر طرف ایسی نگاہ سے دیکھتا تھا کہ دیکھنے والے کا پتّا پانی ہوتا تھا۔ مجھ سے پوچھا کہ کہاں سے آتے ہو؟ میں نے عرض کیا کہ میں اُس تازے ویرانے کو دیکھنے کو گیا تھا۔ اُس بڑھیا سے بھی ملاقات ہوئی۔ یہ سُن کر اُس نے منھ بنایا اور کہا کہ فضول نہ بکو۔ ایک سانپ گیا ہے جو اُس کا کام تمام کر دے گا۔ گھڑی بھر کے بعد خبر آئی کہ بڑھیا تیلن کو سانپ نے کاٹ لیا۔ میں اس واقعے سے حیران ہوا اور خاموش رہ گیا۔ کہنے لگا کہ تم کھو کیوں گئے؟ آج رات کو وہی سانپ مجھ روسیاہ کو بھی کاٹے گا۔ میں اور بھی زیادہ حیران ہوا۔ اُس نے کہا کہ فقیر کے غصّے کی آگ جب بھڑک اُٹھتی ہے تو خشک و تر سب کو جلا ڈالتی ہے۔ اب میری زندگی کا وقت بہت کم رہ گیا ہے۔ دو تین باتیں کہتا ہوں، سُنو اور یاد رکھو۔ یہ دُنیا ایک دل کش کارواں گاہ ہے۔ یہاں سے حسرت کے سوا کچھ ساتھ نہیں جاتا۔ افسوس ہے اُس شخص کی اوقات پر کہ جو جلد

آگاہ نہیں ہوتا۔ خیرانہ زندگی بسر کرو اور آخرت کی فکر کرو۔ وقت جو بھاگا جارہا ہے اُس کو ضایع نہ کرو۔ افلاطون باوجود اُس کمال کے مسافروں کی طرح زندگی بسر کرتا تھا اور گھڑی گھڑی روتا تھا۔ ایک شاگرد نے اس کا سبب پوچھا۔ اُس نے جواب دیا کہ موت کا مرحلہ جس کو در پیش ہو وہ کیوں کر نہ روئے۔ سمجھ لو کہ وہ سرمایۂ جان جو دلوں کا مقصد ہے، اپنے دیدار میں مصروف اور اپنے سراپا میں محو ہے۔ اگر ساتویں آسمان پر پہنچ جاؤ تو بھی بے پروا ہے اور اگر خاک ہو جاؤ تو بھی مستغنی ہے۔ اُس کی بے رنگی میں رنگ ہیں اور اُس کے ساز وحدت میں آہنگ ہیں۔ وہ پردہ کثرت میں نوا سازی کرتا ہے، شش جہت سے اُس کی آواز آتی ہے۔ موت کا ذکر کرتے رہو اور قبرستان میں جایا کرو، تاکہ اپنے جانے سے غافل نہ رہو اور طفلانہ کھیل کی طرف مائل نہ ہو۔ جاؤ اب شام ہوئی۔ مجھ کو بھی چلنے کی فکر ہے۔ اُمید ہے کہ صبح کو میرے جنازے پر آؤگے اور مدت کی صحبت کا حق بھول نہ جاؤگے۔" تکرار کی مجال نہ تھی، میں ناامید اُٹھ کھڑا ہوا۔ غم کی شدت سے کچھ کھایا بھی نہ گیا۔ ساری رات بے قراری میں بسر کی۔

ابھی صبح بھی نہ ہونے پائی تھی کہ اک شور اُٹھا کہ شاہ صاحب کو سانپ نے کاٹا اور اُس کا کام تمام ہو گیا۔ دل قابو سے نکل گیا، پیروں کی طاقت نے جواب دے دیا۔ ایک دوست کے گھر سے گھوڑا منگوایا اور اُس پر سوار ہو کر وہاں پہنچا۔ فقیر کے جنازے کی نماز میں شریک ہوا۔ اُس کی میت اُسی تازہ ویرانے میں خاک کے سپرد کر دی گئی۔ کیا لکھوں کہ اُس فقیر کی موت کا کتنا غم ہوا۔ مہینوں میرا سینہ جلا کیا اور برسوں اُس کا خیال میرے دل سے نہ گیا۔

دوسری حکایت

میں نے سُنا کہ ممتاز گنج جو اکبر آباد کا ایک محلہ ہے، اُس کے ویرانے میں ایک حبشی فقیر رہتا ہے، جو کبھی دکھائی دیتا ہے اور کبھی نگاہ سے اوجھل ہو جاتا ہے۔ مجھے اس کے دیکھنے کا اشتیاق ہوا۔ اتفاق سے اُسی دن ویرانے سے اُس محلّے کی بازار کی طرف اُس کا گزر ہوا۔ بازار والوں نے اُس کو دیوانہ سمجھ کر ڈھیلے مارنا شروع کیے۔ اُس نے کہا دیکھو، ایسا نہ ہو کہ مجھ کو کوئی گزند پہنچ جائے، اور یہ محلّہ جل کے خاک ہو جائے۔ جب بحث نے طول کھینچا تو ایک ڈھیلا اُس کے کندھے پر لگا۔ ڈھیلے کا لگنا تھا کہ آگ کی ایک چنگاری ہوا سے اُڑ کے روئی کے ایک ڈھیر میں جا پڑی۔ ایک شعلہ اُٹھا اور بازار کی طرف چلا۔ دَم بھر میں وہ آگ اتنی بھڑکی کہ اُس کے بجھانے کے لیے پانی بھی میسّر نہ ہوا۔ اینٹ، پتھر، لکڑی، غلّہ سب کا سب جل کے خاک ہو گیا۔ چھوٹے بڑے اپنی اپنی فکر میں پڑ گئے اور فقیر نے اپنی راہ لی۔

وہ تھوڑی دیر میں دریا کے کنارے پہنچا اور اپنے پاؤں دریا میں لٹکا کر بیٹھ گیا۔ میں بھی اُس کے پیچھے پیچھے دوڑتا چلا جاتا تھا۔ اُس کے سامنے گیا اور جرأت کر کے اُس کا نام پوچھا۔ اُس نے کہا احسن اللہ نام اور لقب رام۔ پوچھا وطن؟ کہا دکن۔ پوچھا یہاں آنے کا سبب؟ کہا یہی آوارگی۔ میں نے کہا ہاتھ مُنہ دھو ڈالیے اور ذرا زیادہ وضاحت سے اپنا حال بیان کیجیے۔

جب اُس نے میری منّت پر نظر کی تو کہا کہ اے عزیز جوانی کا زمانہ تھا، سر میں ایک شور بھرا ہوا تھا۔ ایک رات گھر سے باہر نکلا۔ بازار میں ایک جگہ سوختہ قلندر نظر آیا، جو اپنے نقرئی شیر قلاب کو جس کا پنجہ ٹوٹ گیا تھا، ایک سُنار کی دوکان پر کھڑا درست کروا رہا تھا۔ تسبیح اُس کے ہاتھ میں تھی، اس کو برابر پھیر رہا تھا اور یہ دعا پڑھ رہا تھا سُبحَانَ مَنْ لَیْسَ لِلْخَلْقِ اِلیٰ مَعْرِفَتِہٖ سَبِیْلٌ۔ اس بات کا میرے دل پر بڑا اثر ہوا۔ میں شہر سے باہر آیا اور سراسیمہ ایک پہاڑ کے دامن میں پہنچا۔ کچھ دن وہاں کی مصیبتیں جھیلیں، درختوں کے پتّوں پر بسر کی۔ رات دن روتا تھا، نہ بولتا تھا، نہ سوتا تھا، دیوانوں کی طرح مارا مارا پھرتا تھا۔

ایک دن صبح کی نماز کے بعد میں روسیاہ ایک پتھر پر بیٹھا ہوا پتّوں کا ناشتا کر رہا تھا۔ ناگاہ ایک خدا رسیدہ سیّاح میری داہنی جانب سے ظاہر ہوا۔ میں نے اُسی پتھر پر اُس کے لیے جگہ کر دی۔ دو تین پتّے اس نے بھی کھائے، ذرا دیر آرام کیا، اور مجھ سے کہنے لگا "اے عزیز! شاید تو اُس پریشاں اختلاط محبوب کا دل دادہ ہے جس کی جگہ ہر دل میں ہے، اُس قیامت خرام کا وارفتہ ہے جو صرف اپنے لیے ہے۔ وہ سرمایۂ ناز عجب رنگین چال چلتا ہے کہ اُس کے طرزِ رفتار سے چمن چمن جان برستی ہے۔ اس کی بے نیازی کا یہ عالم ہے کہ اگر اُس کے دامن کی ہوا سے ایک دُنیا برباد ہو جائے تو اُس کو پروا نہ ہو۔ جس تنکے کو وہ بڑھا دیتا ہے وہ سمندر کی کچھ حقیقت نہیں سمجھتا۔ ناکامی کی تلخی کے باعث اُس کے شیریں لبوں سے دل برداشتہ نہ ہونا چاہیے۔ وہ ناامیدی کو دوست نہیں

رکھتا اور وہ آتش کا پرکالہ ایسے عاشق کے جھونپڑے میں قدم نہیں رکھتا۔ ناامیدی کس لیے؟ مقصود ہم کنار ہو دل تنگی کیوں؟ سارا عالم یار ہی۔ اُٹھ اور سیاحت کر، خوش اور مطمئن رہ۔" میں اُٹھا اور اُس کے ہم راہ ہو گیا۔ وہ آگاہ تھا، میں بھی آگاہ ہو گیا۔

"ایک دن نواحِ گوالیار میں ایک فقیر کے تکیے پر میں ٹھہرا ہوا تھا۔ صبح کو نماز میں مشغول تھا۔ ناگاہ ایک طوطے نے دو تین مرتبہ بڑے پُر درد لہجے میں 'سُبحان اللہ' کہا۔ غیرتِ عشق نے میری حالت دگرگوں کر دی اور میں بے ہوش ہو گیا۔ سیاح نے میرے مُنھ پر پانی کے چھینٹے دیے۔ جب میں ہوش میں آیا تو مجھ سے پوچھا کہ یہ کیا تھا؟ میں نے جواب دیا کہ طوطے کے ذکر کرنے سے میرے دل پر چوٹ لگی اور غیرتِ عشق نے مجھے بدحواس کر دیا۔ اُس نے کہا کہ اُس محبوب کا بھی عاشق کے ساتھ یہی معاملہ ہی۔ اگر وہ اُس کو غیر سے مشغول دیکھتا ہی تو دل سے اتنا نزدیک ہونے پر بھی دوری اختیار کر لیتا ہی۔ اُس کے اشارے سے فتنہ اُس کی طرف دوڑتا ہی، بلکہ جان لینے تک ساتھ رہتا ہی۔

"ایک فقیر اپنے تاریک جھونپڑے سے کبھی باہر نہیں نکلتا تھا۔ ایک دن اُس کے ایک مُرید نے کہا کہ اس شہر کی چاندنی راتیں دیکھنے کے قابل ہیں۔ وہ اُس کی خاطر سے باہر نکلا۔ ابھی چاند کی طرف نگاہ بھی نہ کی تھی کہ ایک ترک ہاتھ میں خنجر لیے ہوے پہنچا اور اُس سے پوچھنے لگا کہ فلاں شخص تو ہی ہی۔ اُس نے کہا ہاں۔ ترک نے کہا کہ لوگ تجھ کو مستجاب الدعوات کہتے ہیں۔ میرا اغلام روپیوں کی ایک تھیلی لے کر بھاگ گیا ہی۔ دعا کر کہ وہ مل جائے۔ اگر دعا نہ کرے گا

تو میں تجھے قتل کر ڈالوں گا۔ درویش اصل حال سے باخبر تھا۔ سمجھ گیا کہ اُس مجسم ناز و عتاب کو یہ بات پسند نہ آئی کہ میں اُس کے چاند سے چہرے کی یاد چھوڑ کے چاندنی میں میٹھوں۔ وہ بہت متنبہ ہوا اور اُس ترک سے کہا کہ صبح صادق سے پہلے دریا کے کنارے پہنچ جا اور جو کشتی سب سے پہلے روانہ ہو اُس پر سوار ہو جا۔ انشاءاللہ تیرا مقصد حاصل ہو جائے گا۔ ترک نے ایسا ہی کیا، اور غلام کو مع روپے کے اُس کشتی میں پایا۔ وہ درویش مرتے مر گیا مگر پھر نہ کسی سے ملا، نہ باہر نکلا۔

جب میں نے آگے بڑھنے کا قصد کیا تو وہ سیّاح سامنے آیا اور کہنے لگا کہ مجھ مفلس کو کن خرابیوں کے بعد تیری سی دولت جنگل سے ہاتھ لگی ہے۔ افسوس کی بات ہے کہ میں تجھ کو ہاتھ سے کھو بیٹھوں۔ یہاں سے دس پندرہ کوس کے فاصلے پر ایک مشہور قصبہ باڑی ہے۔ وہاں میرے پیر کی قدم گاہ ہے۔ اگر چند روز کے لیے تو بھی وہاں چلے تو میں وہاں چراغ جلاؤں اور سعادتِ دارین حاصل کروں میں نے کہا خدا حافظ۔ وہ تو اُدھر گیا اور میں شہر کے نواح کے ویرانے میں آکر مقیم ہو گیا۔ دس مہینے کی مدّت تنہائی میں بسر کی۔ آج وحشت مجھے شہر کی طرف لے آئی۔ اس جگہ کے بہائم صفت لوگ میرے خون کے پیاسے ہو گئے۔ اب میں یہاں اُس طرف کے اشارے کا منتظر بیٹھا ہوں۔" جب شام ہو گئی تو وہ نماز میں مشغول ہو گیا۔ میں اپنے گھر چلا آیا۔

صبح کو میں پھر اس کی خدمت میں پہنچا۔ دیکھا کہ اُسی طرح بیٹھا ہوا ہے۔ کھانا میرے ساتھ تھا، میں نے پیش کیا۔ دو تین لقمے کھا کر ہاتھ کھینچ لیا۔ میں نے کہا

لوٹا اور طشت حاضر ہی اور غلام موجود ہی۔ کہنے لگا میں درویش ہوں، مجھے اِن چیزوں کا پابند نہیں ہونا چاہیے۔ شاید تم نے مولانا کاتبی کے یہ شعر نہیں دیکھے:-

در قصرِ لاجوردی خطیست برکتابہ　　کلے بے زراں چہ حاصل از گنج در خرابہ

پایانِ کار باید از جملہ دست شستن　　گر ماہ طشت داری در مہر آفتابہ

میں نے کہا فرش کے لیے چٹائی لایا ہوں، وہ بولا مجھے خاک سے سروکار ہی۔ میں نے کہا ایک نئی چادر بہم پہنچائی ہی، وہ بولا یہ بوجھ اپنے کندھے پر نہ ڈالوں گا۔ میں نے کہا پانی کے لیے ایک کاسہ خریدا ہی، وہ بولا کہ میں نے کاسہ سر سے توڑ ڈالا ہی۔ میں نے کہا خرچ کے لیے قدرِ قلیل حاضر ہی، وہ بولا کہ اس سے میں نے دل نہیں لگایا ہی۔ میں نے کہا اس میں سے کچھ تو قبول ہو، اُس نے کہا کیا چاہتے ہو کہ فقیر ملول ہو؟ میں خاموش ہو رہا۔

اُس زمانے میں ایک عورت خوب صورت، خوش رنگ، شوخ و شنگ، چھینٹ سازوں کے قبیلے کی پانی بھرنے کے بہانے سے صبح و شام دریا پر آیا کرتی تھی۔ ایک عالم اُس پر فریفتہ ہو رہا تھا۔ وہ مٹی کا گھڑا کندھے پر رکھے ہوئے بڑے ناز و انداز سے فقیر کے سامنے آئی۔ اُس نے کہا کہ اے دل و دین کو غارت کرنے والی! اس قدر گم راہی! جا، رام رام کہا کر۔ یہ سُنتے ہی اُس نے اپنے کپڑے پھاڑ ڈالے، مُنہ پر خاک ملی اور رام رام کہتی ہوئی اِدھر اُدھر دوڑنے لگی۔ آخر اُس کا دل خون ہو گیا، جنون بہت بڑھ گیا، کھانا پینا چھوٹ گیا اور چند روز میں ختم ہو گئی۔

جب یہ خبر فقیر کو پہنچی تو اُس نے بڑا افسوس کیا۔ میں نے کہا یہ کیا ہوا۔ اُس

نے کہا مقدّر یہی تھا فقیر کا کچھ جرم نہیں ہو، مقدّر سے کوئی چارہ نہیں ہو۔ کیا تم نے نہیں سُنا کہ ایک فقیر بہت بیمار ہو گیا۔ طبیب نے پرہیز کی سخت تاکید کی۔ اُس نے کہا کہ یہ امر تقدیری ہو یا غیر تقدیری۔ اگر غیر تقدیری ہو تو مجھ کو نقصان نہیں پہنچ سکتا اور اگر تقدیری ہو تو میں بچ نہیں سکتا۔

وہ فقیر دو تین دن اور دکھائی دیا۔ اس کے بعد ایک دن سنائی دیا کہ اُس قلندر نے دو تین نعرے لگائے اور دریا کے کنارے سے کہیں اور چلا گیا۔

تیسری حکایت

شاہ برہان ایک خدا رسیدہ فقیر تھا۔ جب کبھی شہر میں آتا تھا تو پتھر پر پتھّر مارا کرتا تھا۔ ایک دن سوادِ شہر میں وہ مجھے دکھائی دیا۔ نہایت سفید چیز کا کوئی آدھ سیر کا ایک گولا ہاتھ میں لیے ہوئے ایک درخت کے سائے میں بیٹھا ہوا تھا اور بار بار اُس کی طرف دیکھتا تھا۔ مجھے گمان ہوا کہ خالص چاندی ہے۔ آخر میں نے پوچھا کہ یہ کیا چیز دیکھ رہے ہو؟ کہنے لگا چاندی بھی بہ قول مرتضیٰ علی علیہ الصّلوات عجیب چیز ہو، کہ جب وہ ہاتھ سے نکل جاتی ہو تو اُس کا نفع اُٹھایا جاتا ہو۔ میں نے کہا کہ تم فقیر ہو، تم کو اس کی کیا پروا، یہ چاندی مجھ کو دے دو۔ اُس نے چاندی ہاتھ سے ڈال دی اور اپنی کالی کملی اُٹھائی۔ میں نے اُس کی کملی پکڑ لی اور کہا کہ ذرا دیر ٹھہرو اور مجھ گنہ گار سے کچھ باتیں کرو۔ اُس نے میری دل شکنی نہیں کی، ہنسا اور بیٹھ گیا۔ میں نے پوچھا کہ آج خاک میں اَٹے ہوئے تم کہاں سے آئے تھے؟ جواب دیا من اللہ۔ میں نے پوچھا

کہاں جاؤگے؟ کہا الی اللہ۔ میں نے پوچھا جنگل میں اپنی بسر کے لیے کیا سرمایہ تمھارے پاس ہی؟ جواب دیا کہ مجھ سے بے سروپا کا سرمایۂ دُنیا و آخرت اللہ کے سوا اور کیا ہو سکتا ہی۔ میں نے کہا کہ تم جب دکھائی دیتے ہو تو پتھر پر پتھر مارتے ہوئے چلتے ہو۔ یہ کیا طریقہ ہی؟ جواب دیا کہ پتھر پر پتھر مارنا اشارہ ہی تباہی کی طرف۔ سمجھ لو کہ شہر کے باہر کی آبادی ویرانہ ہو جائے گی اور یہ صحبتیں افسانہ۔ اُس نے جو کچھ کہا تھا تھوڑے ہی دن کے بعد ظاہر ہو گیا۔

قلندر برہنہ تن شاہ مدن جو اُس کا ہم عصر ایک صاحب حال و باکمال فقیر تھا، جو کی روٹی کے سوا کچھ نہ کھاتا تھا۔ شبِ جمعہ اس کے تکیے میں جو مدار دروازے کے پاس تھا، روشنی ہوتی تھی۔ ایک دُنیا چراغاں کی سیر کے لیے وہاں جاتی تھی۔ اُس کی صبح کو وہ گدائی کے لیے نکلتا تھا اور پیسے کے سوا کسی سے کچھ نہ مانگتا تھا۔ پیسہ مانگتا جاتا تھا اور یہ شعر پڑھتا جاتا تھا

آوردنِ زر بدست آسان نبود

خوابیدہ بردے ہر فلوسے شیرے

وہ ایک دن نخاس میں، کہ ہندستان میں گھوڑوں کی بازار کو کہتے ہیں، آیا اور میرے قریب بیٹھ گیا۔ میرے دل میں یہ خیال گزرا کہ یہ فقیر پیش تر سے مجھ سے واقف نہیں ہی۔ اگر خود بہ خود خداگوئی شروع کر دے تو میں جانوں کہ یہ ضرور صاحب کمال ہی۔ ابھی ایک لمحہ بھی نہ گزرا تھا کہ وہ میرے اس خیال سے واقف ہو گیا اور کہنے لگا کہ اے عزیز! جس کو اللہ کہتے ہیں میں اور تو دونوں اُسی کی تلاش میں ہیں۔ وہ عجب فتنہ گر اور خود سر ہی۔ جب پروا کرتا ہی تو گُل تر کو خاک میں ملا دیتا ہی، ادنیٰ

اور اعلیٰ کا وجود باقی نہیں رکھتا اور کم زور چیونٹی کی حفاظت کرتا ہی۔ ایک دفعہ مصر میں خشک سالی ہوئی، کیسے کیسے دل بر ہلاک ہوے اور کیسے کیسے لوگ خاک ہوے۔ جب اہل شہر سخت پریشان ہوے تو ذوالنّون سے التجا کی۔ وہ اپنے وقت کا ولی تھا، اُس نے باطن کی طرف توجّہ کی۔ ظاہر ہوا کہ اس جنگل میں ایک سورنی نے بچّے دیے ہیں۔ جب ابر آتا ہی تو وہ آسمان کی طرف مُنھ کرتی ہی، یعنی اگر بارش ہو گئی تو یہ بچّے تلف ہو جائیں گے۔ اگر اس شہر کا رئیس اُن کی حفاظت اپنے ذمّے لے لے تو ایک ابر دریا بار اُٹھے اور صحرا صحرا برسے۔ جب لوگ اُن کی حفاظت کو دوڑے تو اس سخت مصیبت سے نجات پائی۔ یہ بھی کوئی معقول بات ہی کہ سُوٴر کے بچّوں کے لیے آدمی بے آبی سے ہلاک ہوں۔

جب وہ بے پروائی برتتا ہی تو ایک تنکا سیلاب کی طرح خاک میں ملا دیتا ہی۔ چنگیز کے قتلِ عام میں شہر ہرات کے ایک لاکھ جان داروں میں صرف تین آدمی بچے، جو پُرانی قبروں میں گھس گئے تھے، ایک مسجد جامع کا واعظ اور دو اور۔ جب فوج چلی گئی تو واعظ نکلا اور منبر پر بیٹھ کر کہنے لگا کہ آج "تنزیہ" ہی، اطمینان سے وعظ کہا جا سکتا ہی۔ اُس کی آواز سُن کے وہ دونوں آدمی بھی مسجد میں داخل ہوے۔ اُس کو یہ بات ناگوار ہوئی کہ پھر کثرت ہو گئی اور تشبیہ پیدا ہوئی۔ اُسی وقت لٹیرے آپہنچے اور ان تینوں کو خاک اور خون میں ملا دیا۔

جب اس بلا نے آسمان تک سر اُٹھایا اور شیخ نجم الدّین کبریٰ تک پہنچ گئی تو وہ اپنے کُرتے کا دامن گردان کے، ڈھیلے ہاتھ میں لے کے جہاد کے ارادے سے خانقاہ سے نکلے اور میدان میں آ کھڑے ہوے۔ ناگاہ ایک خوب صورت ترک بچہ

آیا اور اُس نے ایک نیزہ اُن کے سینے پر مارا۔ شیخ نے وہ نیزہ دونوں ہاتھوں سے پکڑ کر کہا کہ اے جوان تو سمجھتا ہے کہ میں ترکستان سے آرہا ہوں، مجھ کو نہیں جانتا۔ مگر میں تجھ کو خوب پہچانتا ہوں۔ وہ ہنسا اور نیزے کو زور سے اُن کے سینے سے کھینچ لیا۔ شیخ اُسی وقت خاک پر گر پڑے اور انتقال کر گئے۔

غرض کہ خدا عجیب خود نما اور خود آرا دل بر ہے کہ اُس کی راہ میں قیامتیں برپا ہوتی ہیں اور اُس کے طرزِ رفتار سے بلائیں برستی ہیں۔ اُس کے معاملات کسی کی سمجھ میں نہیں آتے۔ یہاں عقل و فہم سب بے کار ہیں۔

ابھی یہی باتیں ہو رہی تھیں کہ شاہ برہان سات آٹھ سیر مٹھائی اپنی کملی میں باندھے ہوئے ظاہر ہوئے۔ شاہ مدن نے آواز دی، انھوں نے رفتار تیز کی۔ یہ زور سے چلائے، انھوں نے اور قدم بڑھائے۔ انھوں نے کہا شاید تیری کملی میں کُتّے کے پلّے ہیں۔ اُس نے کملی پھینک دی اور خود قبرستان میں پہنچ کر چھپ رہا۔ سارا دن کملی اور مٹھائی راستے میں پڑی رہی، کتوں نے بھی نہیں کھائی۔ آخر محلے والوں کے کہنے سے خاک روب اٹھا لے گئے۔

دوسرے دن جب لوگوں نے شاہ برہان کو دیکھا اور حقیقت حال پوچھی تو کہنے لگا وہ شاہ میں گدا، میرے اُس کے نسبت کیا۔ خیر گزری کہ اس کی زبان سے یہی نکلا۔ اگر کہیں کہہ دیتا کہ تو کُتّے کی طرح کہاں بھاگا جا رہا ہے، تو یہ دیوانہ کتا ہو جاتا اور ویرانے میں ہر طرف دوڑتا پھرتا۔ میں نے کملی اور مٹھائی سے ہاتھ دھویا، خدا خدا کر کے آدمی رہ گیا۔

ایک دن میں (میر) ایک بیاض ہاتھ میں لیے ہوئے بازار میں بیٹھا تھا

کہ اُس دیوانے (شاہ برہان) کا گزر اُدھر سے ہوا۔ اُس نے مجھ سے پوچھا کہ روح کے بدن سے جدا ہو جانے کے بعد کا کچھ حال بھی اس بیاض میں لکھا ہے۔ میں نے کہا کہ اس میں رُباعیاں اور متفرق شعر ہیں۔ کہنے لگا اگر سُنو تو میں بیان کردوں۔ واضح ہو کہ لذت کسی خوش گوار چیز کے پانے میں ہے اور الم اُس کے خلاف چیز پانے میں۔ قوائے انسانی میں سے ہر قوت اپنی استعداد کے مطابق لذّت اور الم کا ادراک کرتی ہے۔ چنانچہ باصرہ کو محبوب کے دیدار میں اور سامعہ کو اچھّی آواز سننے میں لذّت ملتی ہے۔ اور شئے مدرک جس قدر عظیم ہوتی ہے اُسی قدر لذت زیادہ ہوتی ہے۔ پس چوں کہ ذات وصفات واجب الوجود سے شریف تر کوئی مدرک نہیں ہے اس لیے اُس کی معرفت سے زیادہ خوش گوار کوئی لذّت نہیں۔ جسمانی قوتیں بدن کے ساتھ زائل ہو جاتی ہیں اور قوّتِ عقلی جو لذت والم کا احساس کرتی ہے نفس ناطقہ کے ساتھ باقی رہ جاتی ہے۔ نفس جب تک جسم سے متعلق رہتا ہے اس کا ادراک ضعیف ہوتا ہے اور نفسِ مجرد اُس (خدا) کے جمال کا مشاہدہ کرتا ہے۔ سنو، نفس دو حال سے خالی نہیں، یا نقص رکھتا ہے یا کمال۔ کمال کے بھی دو حال ہیں، علوم یا اعمال۔ کمال علمی اس کی قدرت کی دلیلوں پر نظر کرنا ہے اور کمال عملی نفس انسانی کا مجرد ہو جانا۔ جو کچھ میں نے کہا یہ مقالات ہیں اور جسموں سے جدا ہونے کے بعد نفسوں کے یہ مختلف حالات ہیں۔

چون بمنزل برے، راہ دگر پیش آید
این پسندار کہ مُردی و سخن کوتہ شد

اگر نفس بچوں اور نادانوں کی طرح سادہ اور پاک ہے، تو لذت اور الم سے آزاد ہے۔

سادہ اور ناپاک کے سر پر دُنیا خاک ہے کہ جسم کی کشش اُس کو نہیں چھوڑتی اور وہ اُس بلند مرتبہ معشوق سے کوئی ربط نہیں رکھتا۔ پاک اور کامل خوش ہے کہ اُس کو لذّتِ وصال حاصل ہے۔ کامل اور ناپاک کے لیے کچھ دن غم و الم ہے۔ اُس کے اور معشوق کے درمیان ایک پردہ پڑ جاتا ہے۔ کچھ مدّت کے بعد جب وہ لوث اُس سے زائل ہو جاتا ہے، تو کریم اُس کی دوری پسند نہیں کرتا اور وہ جواہرِ عقول میں شامل ہو جاتا ہے۔ ناکامل و ناپاک ہمیشہ الم ناک رہتا ہے۔ واجب ہے کہ اس جوہرِ علوی کو عقول کے درجے تک پہنچا دو، تاکہ اُس سے قطع تعلق کے بعد الم میں مبتلا نہ ہو۔

شام نزدیک تھی وہ باتیں کرتا ہوا شہر کے قریب کے قبرستان میں جہاں وہ رہتا تھا جا چھپا۔ میں نے سُنا کہ اُسی رات کو چاندنی میں دیوانگی کے جوش میں چکر کھاتا پھرتا تھا کہ ایک قبر کے پتھر سے ٹھوکر کھائی اور صبح ہونے سے پہلے انتقال کیا۔

چوتھی حکایت

اسد دیوانہ ایک مجذوب فقیر تھا جس کا تکیہ فیروز خاں کے تالاب پر تھا۔ اکثر رندانِ باغاتی وہاں جا کے دھوپ کی تیزی سے پناہ لیتے تھے۔ اور یہی لوگ گویا اُس کے پیش خدمت تھے۔ ایک دن میں نے سُنا کہ اُس کے تکیے میں جشن ہو رہا ہے اور جو مسجد اُس نے بنائی تھی اُس میں لوگ ناچ رہے ہیں۔ میں گیا اور دیکھا کہ وہ گھنٹی اور زنجیر کمر میں باندھے ہوئے ننگے بدن سب کے بیچ میں بیٹھا ہوا ہے۔ اُس نے مجھ کو دیکھا اور میرا حال پوچھا۔ جب شام ہوئی تو کھانا آیا اور

سب نے مل کے کھایا۔

کھانا کھانے کے بعد ایک جوگی جس کا نام ناتھ تھا آیا اور فقیر کے سامنے بیٹھ گیا۔ فقیر اس سے دل لگی کی باتیں کرنے لگا۔ اثنائے گفتگو میں حشرِ اجساد کا ذکر نکلا۔ جوگی نے کہا کہ بعث و حشر کے ثبوت میں تو بہت سی دلیلیں ہیں لیکن نفس کا اُسی بدن میں واپس آنا دشوار ہے۔ مثلاً آدمی مرا اور خاک ہو گیا، ایک مدّت کے بعد وہ خاک گھاس میں تبدیل ہو گئی، گھاس کو کسی جانور نے چر لیا اور وہ جانور انسان کی خوراک ہو گیا۔ اب اگر حشر ہو گا تو کس صورت میں ہو گا۔ اِسی کے ساتھ نفوس کی انتہا نہیں ہے اور اجسام اور مادّے کی ایک حد ہے۔ اگر حشر ہوا اور مادّہ تقسیم کیا گیا تو نفوس مادّے سے یقیناً زیادہ نکلیں گے۔ پھر کہنے لگا کہ میں کچھ نہیں جانتا، مگر اتنا جانتا ہوں کہ روحِ انسانی بہ ذاتِ خود قدیم ہے اور موت کے معنی روح کا معدوم ہونا نہیں، بلکہ قالب سے اس کے تعلق کا قطع ہو جانا ہے۔ بعث و حشر کے معنی یہ نہیں ہیں کہ روح کو وہی قالب ملے گا۔ قالب ایک سواری سے زیادہ نہیں ہے۔ اُس کے بدل جانے سے سوار کا کیا نقصان ہے۔ جو لوگ قالبِ اوّل کی شرط لگاتے ہیں وہ بیہودہ بکتے ہیں۔ چوں کہ یہ پہلی ملاقات تھی، ہم نے رخصت چاہی اور میں اور جوگی دونوں ساتھ اُٹھے۔

ایک دن میں نے دیکھا کہ وہ فقیر (اسد) اُس جوگی سے باتیں کر رہا ہے اور کہتا ہے کہ اے عزیز! میں نے دل ایسے دل بر کو دیا ہے جس کا دیکھنا اِن آنکھوں سے ممکن نہیں۔ بدگمانی میرے بے قرار دل کو ہر وقت نہ معلوم کہاں کہاں لے جاتی ہے۔ ہر شخص اس کو اپنا خدا کہتا ہے۔ ہر بے سر و پا اپنے میں اُس کا

بتا دیتا ہے۔ حیران ہوں کہ یہ کیسی خصوصیت ہے۔ نہیں معلوم کہ کیسی معیت ہے۔ میں اپنی ہلاکت پر آمادہ ہوں اور اس خرابی سے اس خرابے میں پڑا ہوا ہوں۔ دن رات پیچ و تاب میں رہتا ہوں، مگر کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ اگر تجھے کچھ آگاہی ہو تو پریشان نہ ہو۔ اس لیے کہ یہاں جو کچھ ہے شوق ہے، باقی سب ہیچ ہے۔ اگر شوق حدِ کمال پر ہے تو عاشق منزلِ وصال پر ہے۔ جس قدر شوق میں قصور ہے، اُسی قدر راہ دور ہے۔ شوقِ کامل مقصودِ دل تک پہنچا دیتا ہے اور عاشق کو معشوق بنا دیتا ہے۔ انسان کا کمال معرفت ہے اور معرفت کا کمال حیرت۔ اگر تو اُس کے کمالات میں حیران ہے، تو خوش حال ہے اور اگر حقیقتِ حال کے متعلق گفتگو کرتا ہے تو یہ عینِ وبال ہے۔ سن، دُنیا ایک گزرگاہ ہے۔ یہ منزل نہیں ہے، راہ ہے۔ لوگ قافلہ قافلہ چلے جا رہے ہیں۔ یہاں دامن گردانے ہوئے رہنا چاہیے اور زادِ سفر کی فکر رکھنا چاہیے۔ ایک فقیر ہمیشہ قصر نماز پڑھتا تھا۔ کسی نے اُس سے کہا کہ قصر سفر میں ہونا چاہیے، نہ کہ وطن میں۔ اُس نے جواب دیا کہ ہر نفس اور ہر آن اپنے مرتبے سے گزر رہا ہوں اور ہر لحظہ پانی کی طرح تلف ہو رہا ہوں۔

جائے کہ چوں نماز سفر عمر کوتہ است

بے جا بود کہ فکر اقامت کند کسے

ایک دن نمازِ مغرب کے بعد میں (میر) نے بڑی جرأت کر کے اُس سے کہا کہ اے درویش! جس دن سے میں نے روحانی بہشت اور دوزخ کا ذکر سنا ہے میں پریشان ہوں اور کچھ میری سمجھ میں نہیں آتا۔ اگر آپ اُسے بیان کریں تو بڑا احسان ہو۔ کہنے لگا کہ سن، اے جوان! وہ بہشت اور دوزخ جس میں قالب

شریک ہی مشہور و معروف ہی۔ ایک کا حاصل ہی حور و قصور و انہار و اشجار۔ اور دوسرے کا زہر و زقوم و نار و مار۔ لیکن بہشت و دوزخ روحانی۔ یعنی لذت و الم جانی، اُس (بہشت روحانی) کا حاصل معقولات کی دریافت اور اُس ماوہ تمام کا مشاہدہ ہی۔ اور اس (دوزخ روحانی) کا نتیجہ شرم، ندامت، کوفت اور غم ہی۔ حکما کہتے ہیں کہ موت کے بعد روح کے لیے لذتِ عظیم ہی، یا الم الیم۔ نفوس کاملہ کے لیے لذتِ دوام ہی اور ناقصہ کے لیے الم مدام۔ بہشت و دوزخ سے انھیں دو حالوں کی طرف اشارہ ہی۔

ایک دن مجھ پر بہت مہربان ہو کر کہنے لگا کہ اے جوان! تیرے انداز سے معلوم ہوتا ہی کہ تیرے سر میں فقیری کا سودا ہی۔ اس خیال سے باز آ۔ فقیری میں پہلا قدم اپنی ہلاکت میں کوشش کرنا، یعنی مرگ طبیعی سے پہلے مرنا ہی، اور دوسرا قدم خود کو نہ دیکھنا، یعنی اپنے آپ کو نظر میں نہ لانا ہی۔ اس دو قدم راہ کا طے کرنا بڑا مشکل کام ہی۔

ایک دن میں (میر) فقیر کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ کہنے لگا کہ اے جوان! کل میں نے ایک خواب دیکھا ہی، جو میری موت کی خبر دیتا ہی، یعنی یہ کہ میرے پیر نے مجھ کو گلے لگایا اور جدائی کی شکایت کی۔ شاید اب زندگی کے دن پورے ہو گئے۔ میں نے کہا کہ خدا آپ کو سو برس تک سلامت رکھے۔ خواب محض خیال ہی، اُس کا کیا اعتبار۔ اُسی ہفتے میں سُنائی دیا کہ وہ سرسام میں مبتلا ہو کر دُنیا سے اُٹھ گیا۔ خدا بخشے خوب آدمی تھا۔

پانچویں حکایت

جب زمانے نے میرے ساتھ بدی کی اور مجھ کو اکبر آباد سے آوارہ کردیا، تو میں نے دہلی کا رُخ کیا اور میاں سعید خاں کی خدمت میں پہنچا۔ وہ ایک مردِ کامل، نیک دل، خوش خلق، سیر چشم بزرگ تھے۔ اکثر شہر کے بزرگوں کی محفل میں جاتے تھے اور بالکل آخر میں بیٹھتے تھے۔ تمام بڑے بڑے لوگ اُن کا ادب کرتے تھے، رفتہ رفتہ صفِ نعال مقامِ صدر بن جاتی تھی۔ سب اِن نو خط سے ربط رکھتے تھے، کوچہ و بازار میں گھومتے پھرتے تھے۔ شاہ و وزیر اُن کی ملاقات کے متمنّی رہتے تھے، مگر وہ کسی کی طرف التفات نہ کرتے تھے۔

امیر لوگ بڑی بڑی رقمیں دیتے تھے اور خود ہی احسان مند رہتے تھے۔ ایک دفعہ وزیر سے چالیس ہزار روپے لے کے قدم شریف کے شکستہ حوض کی مرمت کروادی اور باقی روپیہ غریبوں، فقیروں اور مسافروں کو تقسیم کردیا۔

جب اُن کی عمر پچاس برس کی ہوئی تو خلوت نشینی اختیار کرلی۔ روزانہ صبح کی نماز کے بعد قبرستان چلے جاتے تھے اور دوپہر کے قریب واپس آتے تھے۔ ایک دفعہ میں بھی اُن کے پیچھے ہولیا۔ دیکھا کہ ہر قبر پر عبرت کی نظر ڈالتے ہیں اور آگے بڑھ جاتے ہیں۔ ناگاہ میرے پاؤں کی آہٹ اُن کے کانوں میں پہنچی، پیچھے پھر کے ذرا سخت لہجے میں کہا کہ دوستی میں بہت بے تکلفی مجھے اچھی نہیں معلوم ہوتی۔ مجھ پر اس قدر خوف غالب آیا کہ قدم اُٹھانے کی طاقت نہ رہی۔

ایک دفعہ کیا دیکھتا ہوں کہ کوئی چیز اپنی چادر میں باندھ کر لارہے ہیں۔

میں آگے بڑھا اور پوچھا کہ آپ کیا لائے ہیں؟ کہنے لگے کہ اس محلّے میں ایک بڑھیا ہے، جو بڑی تلخی سے اپنی زندگی گزار رہی ہے اور خاک پر پڑی ہوئی بھیک مانگا کرتی ہے۔ اُس کے لیے انھوں نے مٹھائی بھیجی ہے۔ آؤ چل کر اس کو یہ مٹھائی کھلا آئیں۔ میں بھی اُن کے ساتھ ہو گیا۔ ایک بڑھیا کو سرِ راہ اُسی حال میں دیکھا۔ وہ اُس کے سامنے جا کر کہنے لگے کہ اُٹھ اور مٹھائی کھا۔ اُس ضعیفہ نے مدّت سے مٹھائی کا نام بھی نہ سنا تھا، کھانے کا کیا ذکر۔ گھبرا کے اُس نے اپنا سر اُٹھایا۔ فقیر نے وہ سب مٹھائی اُس کے سامنے رکھ دی۔ اُس نے خوب پیٹ بھر کے کھائی اور سو رہی۔ اُنھوں نے میری طرف منھ کیا اور کہا " راحت بدل رسان کہ ہمیں منزل امن دہیں۔

ایک دن بازار میں ایک کتّا بھوک کی شدّت میں سوکھی ہڈی کھانے کی کوشش کر رہا تھا۔ اتفاقاً ہڈی کا ایک ریزہ اس کے دانت میں چبھ گیا اور خون نکل آیا۔ کتّا سمجھا کہ یہ خون ہڈی میں سے نکل رہا ہے اور اُس نے ہڈی کو چبانا شروع کیا۔ درویش اس حالت کو دیکھ کے بے چین ہو گیا۔ اسی اثنا میں ایک ہیجڑا نان بائی کی دکان سے روٹی سالن لے کر چلا۔ درویش نے اُس سے کہا کر مدّت سے ہم تم ایک ہی محلّے میں رہتے ہیں۔ آج تک تم نے میری کوئی حاجت پوری نہیں کی۔ اگر یہ روٹی سالن مجھ کو دے دو تو بڑا احسان ہو۔ وہ درویش کو پہچانتا تھا، بولا قربان جاؤں، جان جو دنیا میں سب سے پیاری ہے، آپ کے لیے وہ بھی حاضر، ذکر تو روٹی سالن کیا چیز ہے۔ مختصر یہ کہ وہ روٹی سالن اُس سے لے کر کتّے کے سامنے رکھ دیا۔ سچ ہے جو لوگ دل میں دماغ رکھتے ہیں وہ کتّے کی بھی

دل جوئی کرتے ہیں۔

